روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 6 نومبر 2006ء 13 شوال 1427 ہجری 6 نبوت 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 248

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

وہ اعلیٰ درجہ کا نور جو انسان کو دیا گیا یعنی انسان کامل کو۔ وہ ملایک میں نہیں تھا۔ نجوم میں نہیں تھا۔ قمر میں نہیں تھا۔ آفتاب میں بھی نہیں تھا۔ وہ زمین کے سمندروں اور دریاؤں میں بھی نہیں تھا۔ وہ لعل اور یاقوت اور زمرّد اور الماس اور موتی میں بھی نہیں تھا۔ غرض وہ کسی چیز ارضی اور سماوی میں نہیں تھا صرف انسان میں تھا یعنی انسان کامل میں جس کا اتم اور اکمل اور اعلیٰ اور ارفع فرد ہمارے سید و مولیٰ سید الانبیاء سید الاحیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں سو وہ نور اس انسان کو دیا گیا اور حسب مراتب اس کے تمام ہمرنگوں کو بھی یعنے ان لوگوں کو بھی جو کسی قدر وہی رنگ رکھتے ہیں اور امانت سے مراد انسان کامل کے وہ تمام قویٰ اور عقل اور علم اور دل اور جان اور حواس اور خوف اور محبت اور عزت اور وجاہت اور جمیع نعماء روحانی وجسمانی ہیں جو خدا تعالیٰ انسان کامل کو عطا کرتا ہے اور پھر انسان کامل (۔) اس ساری امانت کو جناب الٰہی کو واپس دے دیتا ہے یعنی اس میں فانی ہو کر اس کی راہ میں وقف کر دیتا ہے (۔) اور یہ شان اعلیٰ اور اکمل اور اتم طور پر ہمارے سید ہمارے مولیٰ ہمارے ہادی نبی امّی صادق مصدوق محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں پائی جاتی تھی جیسا کہ خود خدا تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے (۔) یعنی ان کو کہہ دے کہ میری نماز اور میری پرستش میں جدوجہد اور میری قربانیاں اور میرا زندہ رہنا اور میرا مرنا سب خدا کے لئے اور اس کی راہ میں ہے۔ وہی خدا جو تمام عالموں کا رب ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں اول المسلمین ہوں یعنی دنیا کی ابتدا سے اس کے اخیر تک میرے جیسا اور کوئی کامل انسان نہیں جو ایسا اعلیٰ درجہ کا فنا فی اللہ ہو۔ جو خدا تعالیٰ کی ساری امانتیں اس کو واپس دینے والا ہو۔

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد5 ص 160)

کاش میں جوان ہوتا

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جب پہلی وحی نازل ہوئی تو حضرت خدیجہ آپؐ کو اپنے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں وہ عیسائی تھے اور عبرانی لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ بہت بوڑھے اور نابینا تھے۔ ورقہ نے رسول اللہؐ سے سارا واقعہ سنا اور کہا یہ شریعت لانے والا وہ فرشتہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ پر اتارا تھا۔ کاش میں اس زمانہ میں جوان ہوتا اے کاش میں اس وقت زندہ رہوں۔ جب تیری قوم تجھے نکال دے گی۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی حدیث نمبر :3)

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلباء کیلئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء وطالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس 3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری / سیکنڈری 6 تا 8 ہزار روپے سالانہ۔
2۔ کالج لیول 12 تا 15 ہزار روپے سالانہ۔
3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ روپے تک۔

سینکڑوں طلباء جن کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کیلئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ,,امداد طلباء،، میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔

(نگران امداد طلباء نظارت تعلیم)

تو میرا ہاتھ تھام لے مولا!

ربنا جو بھول ہو، خطا کروں تو بخش دے
ربنا جو سہو ہو، گناہ کروں تو بخش دے
سارے گناہ ڈھانپ دے مولا! مؤاخذہ نہ کر
ربنا نہ ہم پہ پہلوں کی طرح کا بوجھ ڈال
نہ جس کی تاب لا سکیں ہم سے تو ایسا بوجھ ٹال
تو ہم کو خود سنبھال لے مولا! مؤاخذہ نہ کر
ربنا تری رحمتیں وسیع ہیں کائنات پر
رحیمیت کا واسطہ میری حقیر ذات پر
رحمت کی چادر ڈال دے مولا! مؤاخذہ نہ کر
رواں رواں مصیبتوں میں تجھ کو ہے پکارتا
تیری طرف ہے ہاتھ امید و آس کا اٹھا ہوا
تو میرا ہاتھ تھام لے مولا! مؤاخذہ نہ کر
ہے جاں کو کھا رہا یہ غم کیا زاد راہ ساتھ لوں
اب شام گہری ہو گئی مفلس ہوں خالی ہاتھ ہوں
تو بے حساب بخش دے مولا! مؤاخذہ نہ کر
طویل اور کٹھن بہت ہیں ہم و غم کے سلسلے
فقط تمہارے فضل سے ملے تو مخلصی ملے
منگتی کا اک سوال ہے مولا! مؤاخذہ نہ کر

ا۔ب۔ناصر

ولادت

مکرم محمد اسلم صاحب ایاز پنشنر صدر انجمن احمدیہ ربوہ لکھتے ہیں کہ میری بیٹی مکرمہ ڈاکٹر عامرہ عطیہ صاحبہ اہلیہ مکرم مبشر احمد صاحب بشیر کو اللہ تعالیٰ نے 18۔اکتوبر 2006ء کو تیسری بیٹی عطا فرمائی ہے۔ بچی وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔نومولودہ مکرم محمد بشیر صاحب بھٹی مرحوم بھلوال کی پوتی ہے۔ حضور انور نے دانیہ ثمرین نام عطا فرمایا ہے۔احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک، صالحہ، خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب شادی

مکرم ڈاکٹر سید قمر احمد توقیر صاحب ابن محترم سید توقیر مجتبیٰ صاحب کی تقریب شادی ہمراہ محترمہ سیدہ زرنا اسد صاحبہ بنت محترم سید اسد شاہ صاحب ربوہ مورخہ 3 ستمبر 2006ء کو منعقد ہوئی۔اس موقع پر ایوان محمود میں دعا محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے کروائی۔ اگلے روز ایوان محمود میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا۔محترم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر دعوت الی اللہ نے اس موقع پر دعا کرائی۔محترمہ سیدہ زرنا اسد محترم سید مسعود مبارک شاہ صاحب سابق ناظر بیت المال خرچ وسیکرٹری مجلس کارپرداز کی پوتی اور محترم سید احمد علی شاہ صاحب سابق نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ کی نواسی ہیں۔اور مکرم ڈاکٹر سید قمر احمد صاحب مکرم ڈاکٹر سید غلام مجتبیٰ صاحب واقف زندگی کے پوتے ہیں جو نصرت جہاں سکیم کے تحت ابتدائی وقف کرنے والے ڈاکٹرز میں سے ہیں۔ڈاکٹر سید قمر احمد صاحب واقف زندگی ہیں اور عنقریب نصرت جہاں سکیم کے تحت اہلیہ کے ساتھ نائیجیریا جارہے ہیں۔اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے یہ رشتہ ہر دو خاندانوں کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔

تقریب آمین

مکرم مظفر احمد شہزاد صاحب مربی سلسلہ محمود آباد فارم ضلع عمرکوٹ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خاکسار کی بھتیجی عزیزہ شانزہ منصور بنت مکرم ماسٹر منصور احمد پرویز صاحب ناظم مال مجلس خدام الاحمدیہ محمود آباد فارم ضلع عمرکوٹ نے مورخہ 18۔ اکتوبر 2006ء کو پہلی دفعہ قران کریم کا دور بعمر دس سال مکمل کرنے کی توفیق پائی۔تقریب آمین میں خاکسار نے عزیزہ سے قرآن مجید کا کچھ حصہ سنا اور بعدہ دعا کروائی۔عزیزہ محترم یعقوب احمد صاحب ابن حضرت میاں جان محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی پوتی ہے۔احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ عزیزہ کو قرآن مجید کے نور سے منور کرے اور اس کی تعلیمات پر احسن طور پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

درخواست دعا

مکرم عبدالحفیظ محمود صاحب کارکن فضل عمر ہسپتال ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے رشیق محمود واقف نو کا برین ٹیومر کا آپریشن متوقع ہے۔احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے اور صحت کاملہ والی لمبی عمر سے نوازے۔آمین

سانحہ ارتحال

مکرم ناصر احمد ملہی صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی نسبتی ہمشیرہ مکرمہ مسرت ناہید صاحبہ اہلیہ مکرم شاہد جاوید کاہلوں صاحب کارکن دارالضیافت ربوہ ایک مختصر علالت کے بعد مورخہ 28۔اکتوبر 2006ء کو جناح ہسپتال لاہور میں بعمر 29 سال وفات پاگئیں ۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اسی روز بعد مغرب بیت المبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر دعوت الی اللہ نے پڑھائی اور عام قبرستان میں تدفین کے بعد مکرم قریشی محمد انور صاحب نائب ناظر مال آمد نے دعا کروائی۔مرحومہ نے پسماندگان میں شوہر کے علاوہ 3 بیٹے اور ایک بیٹی چھوڑی ہے جن کی عمریں 9 , 7 اور 5 سال اور 3 ماہ ہے۔احباب جماعت سے مرحومہ کی بلندی درجات اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی درخواست دعا ہے۔اللہ تعالیٰ ان کے بچوں کو اپنی خاص حفظ وامان میں رکھے۔آمین

مکرم طارق محمود صاحب فینسی جنرل سٹور رحمت بازار ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بہنوئی مکرم مقصود احمد صاحب ابن مکرم عبدالعزیز صاحب فیکٹری ایریا حلقہ احمد مورخہ 24۔اکتوبر 2006ء کو بعارضہ قلب بعمر 42 سال وفات پاگئے۔مورخہ 26۔اکتوبر کو بعد نماز ظہر بیت ناصر دارالرحمت غربی کے ملحقہ احاطہ میں مکرم مولانا صدیق احمد صاحب منور مربی سلسلہ صدر محلّہ فیکٹری ایریا احمد نے مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی جس میں کثیر تعداد میں احباب نے شرکت کی۔عام قبرستان میں تدفین کے بعد مکرم مربی صاحب نے ہی دعا کرائی۔مرحوم کی رحمت بازار میں دکان تھی بے شمار خوبیوں کے مالک تھے طبیعت میں ہر ایک سے ہمدردی کرنے کا جذبہ تھا۔آپ نے بیوہ کے علاوہ ایک بیٹا عزیزم گلریز احمد اور تین بیٹیاں بطور یادگار چھوڑی ہیں احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ رب غفور مرحوم کی مغفرت فرمائے اور ان کے لواحقین کو اس اچانک صدمہ کو برداشت کرنے کی توفیق دے۔آمین

درخواست دعا

مکرم محمد مقبول صاحب کارکن دفتر مشیر قانونی صدر انجمن احمدیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے پھوپھی زاد بھائی مکرم شیخ کریم اللہ صاحب ولد مکرم شیخ حمید اللہ صاحب دارالعلوم غربی ربوہ بعارضہ قلب تشویشناک حالت میں لاہور کے ایک ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت سے ان کی کامل شفایابی اور درازیٔ عمر کیلئے درخواست دعا ہے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مصلح موعود کے قلم سے

سیرت النبیؐ کے چند درخشاں پہلو۔ صحیح بخاری کی روشنی میں

مرسلہ: محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد۔ مؤرخ احمدیت

(1) جلال الٰہی سے لرزتے ہوئے بارگاہ صمدیت میں کثرت سے استغفار

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرتؐ کو فرماتے سنا ہے کہ خدا کی قسم میں دن میں ستر دفعہ سے زیادہ خدا تعالیٰ کے حضور میں اپنی کمزوریوں سے عفو کی درخواست کرتا ہوں۔ اور اس کی طرف جھک جاتا ہوں۔

رسول کریمؐ اللہ تعالیٰ کے فضل سے گناہوں سے پاک تھے نہ صرف اس لئے کہ انبیاء کی جماعت معصوم عن الاثم والجرم ہوتی ہے۔ بلکہ اس لئے بھی کہ انبیاء میں سے بھی آپ سب کے سردار اور سب سے افضل تھے۔ **آپ کا اس طرح استغفار اور توبہ کرنا بتاتا ہے کہ خشیت الٰہی آپ پر اس قدر غالب تھی کہ آپ اس کے جلال کو دیکھ کر بے اختیار اس کے حضور میں گر جاتے** کہ انسان سے کمزوری ہو جانی ممکن ہے۔ تو مجھ پر اپنا فضل ہی کر وہاں تو یہ خشیت تھی اور یہاں یہ حال ہے کہ ہم لوگ ہزاروں قسم کے گناہ کر کے بھی استغفار و توبہ میں کوتاہی کرتے ہیں۔

(سیرت النبی طبع اول ص 30,29)

(2) خشیت الٰہی کا کمال غلبہ

آنحضرتؐ موت سے کسی وقت غافل نہ رہتے اور خشیت الٰہی آپ پر اس قدر غالب تھی کہ ہر روز یقین کر کے سوتے کہ شاید آج ہی موت آ جاوے اور آج ہی اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہونا پڑے۔ اور اس لئے آپ ایک ایسے مسافر کی طرح رہتے تھے جسے خیال ہوتا ہے کہ ریل اب چلی کہ چلی وہ کبھی اپنے آپ کو ایسے کام میں نہیں پھنساتا کہ جسے چھوڑنا مشکل ہو۔ آپ بھی ہر وقت اپنے محبوب کے پاس جانے کے لئے تیار رہتے اور جو دم گزرتا اسے اس کے فضل کا نتیجہ سمجھتے اور موت کو یاد رکھتے۔ حذیفہ بن الیمان فرماتے ہیں۔ رسول کریمؐ کی عادت تھی کہ جب آپ اپنے بستر پر لیٹتے اپنے رخساروں کے نیچے اپنا ہاتھ رکھتے اور فرماتے اے میرے مولیٰ میرا مرنا اور جینا تیرے ہی نام پر ہو۔ اور جب سو کر اٹھتے تو فرماتے شکر ہے میرے رب کا جس نے ہمیں زندہ کیا اور جو ہمیں مارتا ہے۔ اس واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ہر رات جب بستر پر جاتے۔ تو اپنی طرف سے حساب ختم کر جاتے۔ اور خدا تعالیٰ سے دعا مانگتے کہ اگر میں فوت ہو جاؤں تو تب بھی تیرے ہی نام پر میری زندگی ہو۔ اور جب اٹھتے تو خدا تعالیٰ کے احسان پر حمد کرتے کہ میں تو اپنی طرف سے دنیا سے علیحدہ ہو چکا تھا۔ تیرا ہی فضل ہوا کہ تو نے پھر مجھے زندہ کیا اور میری عمر میں برکت دی۔ (ص 31,30)

(3) خدا سے روزانہ حساب صاف کرنے والا برگزیدہ انسان

مذکورہ ذیل دعا بھی اس بات پر شاہد ہے کہ آپ اپنی زندگی کی ہر گھڑی کو آخری گھڑی جانتے تھے۔ اور جب آپ سونے لگتے تو اپنے رب سے اپنا معاملہ کا فیصلہ کر لیتے اور گویا ہر ایک تغیر کے لئے تیار ہو جاتے۔ چنانچہ براء بن عازب کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ جب اپنے بستر پر جا کر لیٹتے۔ پھر فرماتے اے میرے رب میں اپنی جان تیرے سپرد کرتا ہوں اپنی سب توجہ تیری ہی طرف پھیرتا ہوں میں اپنا معاملہ تیرے ہاتھوں میں دیتا ہوں اور اپنے آپ کو تیری پناہ میں دیتا ہوں۔ تجھ سے نفع کا امیدوار ہوں۔ تیری بڑائی اور استغنیٰ سے خائف بھی ہوں۔ تیرے غضب سے بچنے کے لئے کوئی پناہ کی جگہ نہیں۔ اور نہ کوئی نجات کا مقام ہے مگر یہی کہ تجھ ہی سے نجات و پناہ طلب کی جائے میں اس کتاب پر جو تو نے نازل کی ہے اور اس رسول پر جو تو نے بھیجا ہے ایمان لاتا ہوں۔

لوگ اپنی دکان کو بند کرتے وقت اس کا حساب کر لیتے ہیں مگر خدا سے جو حساب ہے اسے صاف نہیں کرتے مگر کیسا برگزیدہ وہ انسان تھا۔ جو صبح سے شام تک خدا کے فرائض کے ادا کرنے میں لگا رہتا اور خود ہی انہیں ادا نہ کرتا۔ بلکہ ہزاروں کی نگرانی بھی ساتھ ہی کرتا تھا کہ وہ بھی اپنے فرائض کو ادا کرتے ہیں یا نہیں مگر رات کو سونے سے پہلے اپنی تمام کوششوں اور عبادتوں سے آنکھ بند کر کے عاجزانہ اپنے مولیٰ کے حضور میں اس طرح حساب صاف کرنے کے لئے کھڑا ہو جاتا کہ گویا اس نے کوئی خدمت کی ہی نہیں۔ **اور اس وقت تک نہ سوتا جب تک اپنی جان کو پورے طور سے خدا کے سپرد کر کے دنیا و مافیہا سے براءت نہ ظاہر کر لیتا۔ اور خدا کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ نہ دے لیتا۔** (ص 32,31)

(4) خشیت الٰہی کا حقیقی مقام

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں رسول کریمؐ ہمیشہ خدا سے پناہ مانگتے تھے کہ مجھ پر کوئی ایسی مصیبت نہ آئے جو میری طاقت سے بڑھ کر ہو۔ کوئی ایسا کام نہ پیش آ جائے کہ جس کا نتیجہ ہلاکت ہو۔ اور کوئی خدا کا فیصلہ ایسا نہ ہو کہ جس کو میں ناپسند کروں اور کوئی ایسا فعل سرزد نہ ہو کہ جس سے میرے دشمنوں کو خوشی کا موقعہ ملے۔ اس دعا سے معلوم ہو سکتا ہے کہ آپ کے دل میں کیسی خشیت الٰہی تھی اور آپ اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے مقابلہ میں کیسا کمزور جانتے اور کبھی اپنی بڑائی کے لئے اور اپنے ایمان کے اظہار کے لئے کسی بڑے کام یا ابتلاء کی آرزو نہ فرماتے۔ اور یہی حقیقی ایمان ہے جس کی اقتدا کا......حکم دیا گیا ہے۔ (ص 34,33)

(5) یاد الٰہی اور خشیت ایزدی سے معمور قلب محمد ﷺ

اے میرے رب میں تجھ سے سستی اور شدید بڑھاپے اور گناہوں اور قرضہ اور قبر کے فتنہ اور قبر کے عذاب اور دوزخ کے فتنہ اور اسکے عذاب اور دولت کے فتنہ کے نقصانوں سے پناہ مانگتا ہوں اور اسی طرح میں غربت کے فتنہ سے پناہ مانگتا ہوں اور مسیح الدجال کے فتنہ سے پناہ مانگتا ہوں۔ اے میرے اللہ میری خطاؤں کو مجھ سے برف اور اولوں کے پانی کے ساتھ دھو دے اور میرے دل کو ایسا صاف کر دے کہ جیسے تو نے سفید کپڑے کو میل سے صاف کر دیا ہے اور مجھ میں اور گناہوں میں اتنا فاصلہ حائل کر دے جتنا تو نے مشرق و مغرب میں رکھا ہے۔

اے وہ انسان جسے رسول کریمؐ سے عداوت ہے۔ تو بھی ذرا اس دعا کو غور سے پڑھا کر اور دیکھ کہ وہ گناہوں سے کس قدر متنفر تھے۔ وہ بدیوں سے کس قدر بے زار تھے۔ وہ کمزوریوں سے کس طرح بری تھے۔ **وہ عیبوں سے کس قدر پاک تھے۔ اور ان کا دل خشیت الٰہی سے کیسا پر تھا۔** (ص 36,35)

(6) کامل اور بے نظیر توکل

حضرت ابو بکر فرماتے ہیں میں رسول کریم کے ساتھ غار میں تھا۔ میں نے اپنا سر اٹھا کر نظر کی تو تعاقب کرنے والوں کے پاؤں دیکھے۔ اس پر میں نے رسول کریمؐ سے عرض کیا یا رسول اللہ اگر کوئی نظر نیچی کرے گا۔ تو ہمیں دیکھ لے گا۔ تو آپ نے جواب میں ارشاد فرمایا چپ اے ابی بکر ہم دو ہیں ہمارے ساتھ تیسرا خدا ہے (پھر وہ کیونکر دیکھ سکتے ہیں)

اللہ اللہ کیسا توکل ہے۔ دشمن سر پر کھڑا ہے اور اتنا نزدیک ہے کہ ذرا آنکھ نیچی کرے اور دیکھ لے لیکن آپ کو خدا تعالیٰ پر ایسا یقین ہے کہ باوجود سب اسباب مخالف کے جمع ہو جانے کے آپ یہی فرماتے ہیں کہ یہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ خدا تو ہمارے ساتھ ہے پھر وہ کیونکر دیکھ سکتے ہیں۔

کیا کسی ماں نے ایسا بچہ جنا ہے جو اس یقین اور ایمان کو لے کر دنیا میں آیا ہو۔ یہ جرأت و بہادری کا سوال نہیں۔ بلکہ توکل کا سوال ہے خدا پر بھروسا کا سوال ہے۔ اگر جرأت ہی ہوتی تو آپ یہ جواب دیتے کہ خیر پکڑیں گے تو کیا ہوا ہم موت سے نہیں ڈرتے۔ مگر آپ کوئی معمولی جرنیل یا میدان جنگ کے بہادر سپاہی نہ تھے آپ خدا کے رسول تھے اس لئے آپ نے نہ صرف خوف کا اظہار نہ کیا بلکہ حضرت ابو بکر کو بتایا کہ دیکھنے کا تو سوال ہی نہیں ہے۔ خدا ہمارے ساتھ ہے اور اس کے حکم کے ماتحت ہم اپنے گھروں سے نکلے ہیں۔ پھر ان کو طاقت ہی کہاں مل سکتی ہے کہ یہ آنکھ نیچے کر کے ہمیں دیکھیں۔

یہ وہ توکل ہے جو ایک جھوٹے انسان میں نہیں ہو سکتا۔ جو ایک پُرفریب دل میں نہیں ٹھہر سکتا۔ شاید کوئی مجنوں ایسا کر سکے کہ ایسے خطرناک موقعہ پر بے پرواہ رہے۔ لیکن میں پوچھتا ہوں کہ مجنوں فقدان حواس کی وجہ سے ایسا کہہ تو لے لیکن وہ کون ہے جو اس کے مجنونانہ خیالات کے مطابق اس کے متعاقبین کی آنکھوں کو اس سے پھیر دے۔ اور متعاقب سر پر پہنچ کر پھر اس کی طرف نگاہ اٹھا کر نہ دیکھ سکیں۔

پس رسول کریمؐ کا توکل ایک رسولانہ توکل تھا اور جسے خدا تعالیٰ نے اسی رنگ میں پورا کر دیا۔ آپ نے خدا تعالیٰ پر یقین کر کے کہا کہ میرا خدا ایسے وقت میں مجھے ضائع نہیں کرے گا۔ اور خدا نے آپ کے توکل کو پورا کیا اور آپ کو دشمن کے قبضہ میں جانے سے بچا لیا۔ اور اسے اس طرح اندھا کر دیا کہ وہ آپ کے قریب پہنچ کر خائب و خاسر لوٹ گیا۔

یہ وہ توکل ہے جس کی نظیر دنیا میں نہیں ملتی۔ حضرت موسیٰ سے بھی ایک موقعہ پر اس قسم کے توکل کی نظیر ملتی ہے لیکن وہ مثال اس سے بہت ہی ادنیٰ ہے کیونکہ حضرت موسیٰؑ کے ساتھیوں نے فرعونیوں کو دیکھ کر کہا کہ انا لمدرکون ہم ضرور گرفتار ہو جائیں گے۔ اس پر حضرت موسیٰؑ نے جواب میں

کہا۔ ان معی ربی سیھدین لیکن رسول کریمؐ کا توکل ایسا کامل تھا کہ اس نے آپ کے ساتھی پر بھی اثر ڈالا۔ اور حضرت ابوبکرؓ نے موسائیوں کی طرح گھبرا کر یہ نہیں کہا کہ ہم ضرور پکڑے جائیں گے بلکہ یہ کہا کہ اگر وہ نیچی نظر کریں تو دیکھ لیں۔ اور یہ ایمان اس پرتو کا نتیجہ تھا جو نور نبوت اس وقت آپ کے دل پر ڈال رہا تھا۔ دوسرے حضرت موسیٰ کے ساتھ فوج تھی۔ اور ان کے آگے بھاگنے کی جگہ ضروری موجود تھی۔ لیکن رسول کریمؐ کے ساتھ نہ کوئی جماعت تھی اور نہ آپ کے سامنے کوئی اور راستہ تھا۔ اسی طرح اور بھی بہت سے فرق ہیں۔ جو طوالت کی وجہ سے میں اس جگہ بیان نہیں کرتا۔ (ص 69,68)

(7) تربیت اولاد کا سنہری اصول

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کھجور کے کٹنے کے وقت رسول کریم ﷺ کے پاس کھجوریں لائی جاتی تھیں۔ ہر ایک اپنی اپنی کھجوریں لاتا تھا اور رسول کریم ﷺ کے آگے رکھ دیتا۔ یہاں تک کہ آپ کے پاس ایک ڈھیر ہو جاتا۔ ایک دفعہ ایسا ہوا کہ حسن اور حسین رضی اللہ عنہما ان کھجوروں سے کھیلنے لگے اور ان میں سے ایک نے ایک کھجور لی اور اپنے منہ میں ڈال لی۔ پس ان کی طرف رسول کریم نے دیکھا اور فرمایا کہ تجھے علم نہیں کہ آل محمدؐ صدقہ نہیں کھایا کرتے۔

اللہ اللہ کیسی احتیاط ہے کیا ہی توکل ہے۔ ایک کھجور بچہ نے منہ میں ڈال لی۔ تو اس میں کچھ حرج نہ تھا۔ لیکن آپ کا توکل ایسا نہ تھا جیسا کہ عام لوگوں کا ہوتا ہے۔ آپ چاہتے تھے کہ بچپن سے ہی بچوں کے دلوں میں وہ ایمان اور توکل پیدا کر دیں کہ بڑے ہو کر بھی وہ کبھی صدقات کی طرف توجہ نہ کریں اور **خدا کی ہی ذات پر بھروسہ رکھیں۔** (ص 73,72)

(8) بادشاہ و بے کساں را چاکرے

عمرو بن حرثؓ فرماتے ہیں۔ رسول کریمؐ نے اپنی وفات کے وقت کچھ نہیں چھوڑا نہ کوئی درہم نہ دینار نہ غلام نہ لونڈی اور کچھ اور چیز سوائے اپنی سفید خچر اور اپنے ہتھیاروں کے اور ایک زمین کے جسے آپ صدقہ میں دے چکے تھے۔ یاد رکھنا چاہئے کہ آپ کی حیثیت ایک بادشاہ کی تھی اور آپ چاہتے تو اپنے رشتہ داروں کے لئے کچھ سامان کر سکتے تھے اور کم سے کم اس قدر روپیہ چھوڑ جانا تو آپ کے لئے کچھ مشکل نہ تھا کہ جس سے آپ کی بیویوں اور اولاد کا گزارہ ہو سکے۔

آپ کے پاس صرف خزانہ کا روپیہ ہی نہ رہتا تھا کہ جس کا اپنی ذات پر خرچ کرنا آپ گناہ تصور فرماتے تھے اور اس کا ایک حبہ بھی آپ استعمال نہیں کرتے تھے۔ بلکہ خود آپ کی ذات کے لئے بھی آپ کے پاس بہت مال آتا تھا اور صحابہ اس اخلاص اور عشق کے سبب جو انہیں آپ سے تھا بہت سے تحائف پیش کرتے رہتے تھے اور اگر آپ اس خیال سے کہ میرے بعد میرے رشتہ دار کس طرح گزارہ کریں گے ایک رقم جمع کر جاتے تو کر سکتے تھے لیکن آپ کے وسیع دل میں جو خدا تعالیٰ کی ہیبت اور اس کے جلال کا جلوہ گاہ تھا جو یقین و معرفت کا خزانہ تھا۔ یہ دنیاوی خیال سما بھی نہیں سکتا تھا۔ جو کچھ آتا آپ اسے غربا میں تقسیم کر دیتے اور اپنے گھر میں کچھ بھی نہ رکھتے۔ **حتیٰ کہ آپ کی وفات نے ثابت کر دیا کہ وہ خدا کا بندہ جو دنیا سے نہیں بلکہ خدا سے تعلق رکھتا تھا دنیاوی آلائشوں سے پاک اپنے بھیجنے والے کے پاس چلا گیا۔** اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ ال محمد و بارک وسلم انک حمید مجید۔ (ص 74,73)

(9) محبت الٰہی کا دریا اور بادشاہوں کے بادشاہ کی عظمت

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریمؐ سے سنا کہ فرماتے تھے۔ حلال بھی بیان ہو چکا ہے اور حرام بھی بیان ہو چکا اور ان دونوں کے درمیان کچھ ایسی چیزیں ہیں کہ مشابہ ہیں انہیں اکثر لوگ نہیں جانتے۔ پس جو کوئی شبہات سے بچے اس نے اپنی عزت اور دین کو بچا لیا اور جو کوئی ان شبہات میں پڑ گیا اس کی مثال ایک چرواہے کی ہے جو بادشاہ کی رکھ کے اردگرد اپنے جانوروں کو چراتا ہے قریب ہے کہ اپنے جانوروں کو اندر ڈال دے خبردار ہر ایک بادشاہ کی ایک رکھ ہوتی ہے خبردار اللہ کی رکھ اس کی زمین میں اس کے محارم ہیں خبردار جسم میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے جب وہ درست ہو جائے تو سب جسم درست ہو جاتا ہے اور جب وہ خراب ہو جائے تو سب جسم خراب ہو جاتا ہے خبردار اور وہ گوشت کا ٹکڑا قلب ہے۔

اس عبارت کو پڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ رسول کریم ﷺ کے دل میں اس وقت اللہ تعالیٰ کی محبت کا ایک دریا امڈ رہا تھا۔ آپ دیکھتے تھے کہ ایک دنیا اس پاک ہستی کے احکام کو توڑ رہی ہے اور اس کے احکام پر عمل کرنے سے محترز ہے لوگ اپنے نفوس کے احکام کو مانتے ہیں لیکن خدا تعالیٰ کے ارشادات کی تعمیل نہیں کرتے۔ پھر آپ کو خدا تعالیٰ سے جو محبت تھی اس کے رو سے آپ کب برداشت کر سکتے تھے کہ لوگ اس پیارے رب کو چھوڑ دیں ان خیالات نے آپ پر یہ اثر کیا کہ ہر وقت خدا تعالیٰ کی عظمت کا ذکر کرتے اور لوگوں کو بتاتے کہ دنیاوی بادشاہوں کی اطاعت کے بغیر انسان سکھ نہیں پا سکتا تو پھر اس قادر مطلق کی نافرمانی پر کب سکھ پا سکتا ہے۔ جو سب بادشاہوں کا بادشاہ ہے۔

میں جب مذکورہ بالا حدیث کو پڑھتا ہوں **تو حیران ہوتا ہوں کہ آپ کس جوش کے ساتھ خدا کو یاد کرتے ہیں بناوٹ سے یہ کلام نہیں نکل سکتا** اس خالص محبت کا ہی نتیجہ تھا جو آپ خدا سے رکھتے تھے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر پر آپ کو اس قدر جوش آ جاتا اور آپ چاہتے کہ کسی طرح لوگ ان نافرمانیوں کو چھوڑ دیں اور خدا تعالیٰ کی اطاعت میں لگ جائیں اس حدیث پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ **آپ کو حیرت تھی کہ لوگ کیوں اس طرح دلیری سے ایسے کام کر لیتے ہیں جن سے خدا تعالیٰ کی ناراضگی کا خوف ہو۔** (ص 162 تا 184)

(10) یاد الٰہی میں جوش کی خاص شان

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب آپ مرض الموت میں مبتلا ہوئے تو بوجہ سخت ضعف کے نماز پڑھانے پر قادر نہ تھے اس لئے آپ نے حضرت ابوبکرؓ کو نماز پڑھانے کا حکم دیا۔ جب حضرت ابوبکرؓ نے نماز پڑھانی شروع کی تو آپ نے کچھ آرام معلوم کیا اور نماز کے لئے نکلے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکرؓ کو نماز پڑھانے کا حکم دینے کے بعد جب نماز شروع ہو گئی تو آپ نے مرض میں کچھ خفت محسوس کی۔ پس آپ نکلے کہ دو آدمی آپ کو سہارا دے کر لے جا رہے تھے اور اس وقت میری آنکھوں کے سامنے وہ نظارہ ہے کہ شدت درد کی وجہ سے آپ کے قدم زمین سے چھوتے جاتے تھے آپ کو دیکھ کر حضرت ابوبکرؓ نے ارادہ کیا کہ پیچھے ہٹ آئیں۔

اس ارادہ کو معلوم کر کے رسول کریم ﷺ نے ابوبکرؓ کی طرف اشارہ فرمایا کہ اپنی جگہ پر رہو۔ پھر آپ کو وہاں لایا گیا اور آپ حضرت ابوبکرؓ کے پاس بیٹھ گئے اس کے بعد رسول کریمؐ نے نماز پڑھنی شروع کی اور حضرت ابوبکرؓ نے آپ کی نماز کے ساتھ نماز پڑھنی شروع کی اور باقی لوگ حضرت ابوبکرؓ کی نماز کی اتباع کرنے لگے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کیسی ہی خطرناک بیماری ہو خدا تعالیٰ کی یاد کو نہ بھلاتے عام طور پر لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ ذرہ تکلیف ہوئی اور سب عبادتیں بھول گئیں اور نماز باجماعت اور دوسرے شرائط کی ادائیگی میں تو اکثر کوتاہی ہو جاتی ہے لیکن آپ کا یہ حال تھا کہ معمولی بیماری تو الگ رہی اس مرض میں کہ جس میں آپ فوت ہو گئے اور جس کی شدت کا یہ حال تھا کہ آپ کو بار بار غش آ جاتے تھے اٹھنے سے قاصر تھے لیکن جب نماز شروع ہو گئی تو آپ برداشت نہ کر سکے کہ خاموش بیٹھ رہیں اسی وقت دو آدمیوں کے کاندھے پر سہارا لے کر باوجود اس کمزوری کے کہ قدم لڑکھڑاتے جاتے تھے...... آپ تو کُل خوبیوں کے جامع اور کُل نیکیوں کے سرچشمہ تھے **عبادت کسی تکبر یا بڑائی کے لئے کرنا تو الگ رہا جس قدر خدا تعالیٰ کی بندگی بجالاتے۔ اتنی ہی ان کی آتش شوق تیز ہوتی اور آپ بجائے عبادت پر خدا تعالیٰ کو اپنا ممنون احسان بنانے کے خود شرمندۂ احسان ہوتے کہ الٰہی اس قدر توفیق جو عبادت کی ملتی ہے تو تیرے ہی فضل سے ملتی ہے** آپ کی عبادت ایک دور تسلسل کا رنگ رکھتی ہے کچھ حصہ وقت جب عبادت میں گزارتے تو خیال کرتے کہ اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ اس نے اس کام کی توفیق دی اس احسان کا شکر بجالانا ضروری ہے اس جذبہ ادائیگی شکر سے بے اختیار ہو کر کچھ اور عبادت کرتے اور پھر اسے بھی خدا تعالیٰ کا ایک احسان سمجھتے کہ شکر بجالانا بھی ہر ایک کا کام نہیں جب تک خدا تعالیٰ کا احسان نہ ہو۔ پھر اور بھی زیادہ شوق کی جلوہ نمائی ہوتی اور پھر اپنے رب کی عبادت میں مشغول ہو جاتے اور یہ راز و نیاز کا سلسلہ ایسا وسیع ہوتا کہ بارہا عبادت کرتے کرتے آپ کے پاؤں سوج جاتے۔ (ص 92 تا 94)

(11) ذکر الٰہی کی بے پناہ تڑپ

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ فرماتے ہیں۔ رسول کریمؐ نماز کے لئے کھڑے ہوا کرتے تھے تو اتنی دیر تک کھڑے رہتے کہ آپ کے قدم یا (یا کہا) پنڈلیاں سوج جاتیں لوگ آپ سے جب کہتے (آپ ایسا کیوں کرتے ہیں) تو آپ جواب دیتے کہ کیا میں شکرگزار بندہ نہ بنوں۔

اللہ اللہ کیا عشق ہے کیا محبت ہے کیا پیار ہے خدا تعالیٰ کی یاد میں کھڑے ہوتے ہیں اور اپنے تن بدن کا ہوش نہیں رہتا خون کا دوران نیچے کی طرف شروع ہو جاتا ہے اور آپ کے پاؤں متورم ہو جاتے لیکن محبت اس طرف خیال ہی نہیں جانے دیتی آس پاس کے لوگ دیکھ کر حیران ہو جاتے ہیں کہ یہ کرتے کیا ہیں اور آپ کے درد سے تکلیف محسوس کر کے آپ کو اس طرف متوجہ کرتے ہیں کہ آپ یہ کیا کرتے ہیں اور کیوں اپنے آپ کو اس تکلیف میں ڈالتے ہیں اور اس قدر دکھ اٹھاتے ہیں آخر کچھ تو اپنی صحت اور اپنے آرام کا بھی خیال کرنا چاہئے مگر وہ دکھ جو لوگوں کو بے چین کر دیتا ہے۔ اور جس سے دیکھنے والے متاثر ہو جاتے ہیں آپ پر کچھ اثر نہیں کرتا اور بجائے عبادات میں کچھ سستی کرنے کے اور آئندہ اس قدر لمبا عرصہ اپنے رب کی یاد میں کھڑے رہنا ترک کرنے کی بجائے آپ ان کی اس بات کو ناپسند کرتے ہیں اور انہیں جواب دیتے ہیں کہ کیا میں خدا کا شکرگزار بندہ نہ بنوں وہ مجھ پر اس قدر احسان کرتا ہے اس قدر فضل کرتا ہے اس شفقت کے ساتھ مجھ سے پیش آتا ہے پھر کیا اس کے اس حسن سلوک کے بدلہ میں اس کے نام کا ورد نہ کروں اس کی بندگی میں کوتاہی شروع کر دوں۔

کیا اخلاص سے بھرا اور کیسی شکرگزاری ظاہر کرنے والا یہ جواب ہے اور کس طرح آپ کے قلب مطہر کے جذبات کو کھول کر پیش کر دیتا ہے خدا کی یاد اور اس کے ذکر کی یہ تڑپ اور کسی کے دل میں ہے کیا کوئی اور اس کا نمونہ پیش کر سکتا ہے کیا کسی اور قوم کا بزرگ آپ کے اس اخلاص کا مقابلہ کر سکتا ہے میں اس مضمون کے پڑھنے والے کو اس طرف بھی متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ اس عبادت کے مقابلہ میں اس بات کا خیال بھی رکھنا چاہئے کہ آپ کس طرح کاموں میں مشغول رہتے تھے اور یہی نہیں کہ رات کے وقت عبادت کے لئے اٹھ کر کھڑے ہو جاتے اور دن بھر سوئے رہتے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو پھر اس شوق اور تڑپ کا پتہ نہ لگتا جو اس صورت میں ہے کہ دن بھر بھی آپ خدا تعالیٰ کے نام کی اشاعت اور اطاعت و فرمانبرداری

کارواج دینے کی کوشش میں لگے رہتے تھے۔خود پانچ اوقات میں امام ہو کر نماز پڑھاتے تھے۔دور دور کے جو وفود اور سفراء آتے تھے ان کے ساتھ خود ہی ملاقات کرتے اور ان کے مطالبات کا جواب دیتے۔جنگوں کی کمان بھی خود ہی کرتے صحابہؓ کو قرآن شریف کی تعلیم بھی دیتے۔ جج بھی خود تھے۔ تمام دن جس قدر جھگڑے لوگوں میں ہوتے ان کے فیصلے کرتے۔عمال کا انتظام، بیت المال کا انتظام، ملک کا انتظام، دین اسلام کا اجراء اور پھر جنگوں میں فوج کی کمان، بیویوں کے حقوق کا ایفاء پھر گھر کے کام کاج میں شریک ہونا یہ سب کام آپ دن کے وقت کرتے۔ اور ان کے بجالانے کے بعد بجائے اس کے کہ چور ہو کر بستر پر جا پڑیں اور سورج کے نکلنے تک اس سے سر نہ اٹھائیں بار بار اٹھ کر بیٹھ جاتے اور اللہ تعالیٰ کی تسبیح کر کے تحمید کرتے اور نصف رات کے گزرنے پر اٹھ کر وضو کرتے اور تن تنہا جب چاروں طرف خاموشی اور سناٹا چھایا ہوا ہوتا۔اپنے رب کے حضور میں نہایت عجز و نیاز سے کھڑے ہو جاتے اور تلاوت قرآن شریف کرتے اور اتنی اتنی دیر تک کھڑے رہتے کہ آپ کے پاؤں متورم ہو جاتے۔حتیٰ کہ عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ میں بھی آپ کے ساتھ نماز پڑھنے کھڑا ہو گیا تو اس قدر تکلیف ہوئی کہ قریب تھا کہ میں نماز توڑ کر بھاگ جاتا کیونکہ میرے قدم اب زیادہ بوجھ برداشت نہیں کر سکتے تھے اور میری طاقت سے باہر تھا کہ زیادہ دیر کھڑا رہ سکوں یہ بیان اس شخص کا ہے جو نوجوان اور رسول کریم ﷺ سے عمر میں کہیں کم تھا۔ جس سے سمجھ میں آسکتا ہے کہ آپ کی ہمت اور جذبہ محبت ایسا تیز تھا کہ باوجود پیری کے اور دن بھر کام میں مشغول رہنے کے آپ عبادت میں اتنی اتنی دیر کھڑے رہتے کہ جوان اور پھر مضبوط جوان جن کے کام آپ کے کاموں کے مقابلہ میں پاسنگ بھی نہ تھے آپ کے ساتھ کھڑے نہ رہ سکے اور رہ جاتے۔

(سیرت النبی ص95 تا 101)

دلوں کو فتح کرو

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

تم یاد رکھو کہ نرمی عمدہ صفت ہے۔نرمی کے بغیر کام چل نہیں سکتا۔ فتح جنگ سے نہیں۔ جنگ سے اگر کسی کو نقصان پہنچا دیا تو کیا کیا؟ چاہئے کہ دلوں کو فتح کرو۔ اور دل جنگ سے فتح نہیں ہوتے بلکہ اخلاق فاضلہ سے فتح ہوتے ہیں۔اگر انسان خدا کے واسطے دشمنوں کی اذیتوں پر صبر کرنے والا ہو جاوے تو آخر ایک دن ایسا بھی آجاتا ہے کہ خود دشمن کے دل میں ایک خیال پیدا ہو جاتا ہے اور اثر ہوتا ہے اور جب وہ برکات، فیوض اور نصرت الٰہی کو دیکھتا ہے اور اخلاق فاضلہ کا برتاؤ دیکھتا ہے تو خود بخود اس کے دل میں ایسا خیال پیدا ہو جاتا ہے کہ اگر یہ شخص جھوٹا ہی ہوتا اور خدا تعالیٰ پر افتراء کرنے والا ہی ہوتا تو اس کی یہ نصرت اور تائید تو ہرگز نہ ہوتی۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 710)

مکرم میر غلام احمد نسیم صاحب

احمدیہ مشن سورینام کی یادیں

میرے گی آنا، جنوبی امریکہ میں تقرر کا ہونے پر میں 5 جنوری 1966ء کو گی آنا پہنچا اور وہاں کام شروع کر دیا۔تعلیم و تربیت کے کام حسب دستور جاری تھے کہ ساتھ والے ملک ڈچ گی آنا جو بعد میں آزاد ہو کر سورینام کے نام سے موسوم ہوا، جانے کا پروگرام بنا۔ اس سفر کا مقصد دعوت الی اللہ کے کام کو مزید وسعت دینا تھا۔گی آنا سے سورینام جانے کیلئے خشکی کا دشوار گزار راستہ بوجوہ اختیار کیا گیا تا کہ سورینام کے دارالحکومت پارا ماریبو (Paramaribo) پہنچنے سے قبل بھی بعض مقامات میں روابط قائم کئے جا سکیں۔ چنانچہ 30۔اگست 1967ء کو گی آنا سے روانہ ہو کر اسی روز سورینام کے سرحدی قصبہ نائیکیری (Nikairi) پہنچا۔

31۔اگست 1967ء کو سورینام کے دارالحکومت پارا ماریبو پہنچ کر ایک ہوٹل میں قیام کیا۔اگلے روز صبح دس بجے کے قریب چند دوست ہوٹل میں تشریف لائے اور کہنے لگے ہمیں معلوم ہوا ہے کہ آپ احمدی ہیں اور نہ صرف یہ کہ احمدی فرد ہیں بلکہ مرکز کے نمائندے ہیں لہٰذا آپ ہمارے ساتھ ہمارے گھر چلیں۔

سورینام مشن کے سلسلے میں عرض کرتا چلوں کہ اس کے قیام کی کوششیں 1950ء کی دہائی میں شروع ہو گئی تھیں رجسٹریشن کے مراحل بھی طے ہو گئے تھے اور مرکز سے ایک مربی سلسلہ بھی بھجوائے گئے تھے۔تاہم غالباً 62-1961ء میں ایسے حالات پیدا ہو گئے کہ عملاً مشن کے کام بند ہو گئے گی آنا سے روانگی سے قبل مرکز ربوہ سے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ اس وقت یعنی 1967ء میں سورینام میں کوئی مربی نہیں ہے اور نہ ہی جماعت فعال ہے۔

بہرحال جو دوست مجھے ہوٹل سے لینے آئے انہوں نے اپنا نام عبدالحمید بتلایا اور ساتھ ہی یہ بھی کہ وہ جماعت احمدیہ کے سابق صدر ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ سورینام میں جماعت ہونے کے باوجود اس کا مرکزی نمائندہ ہوٹل میں قیام کرے۔ چنانچہ میں ان کے ساتھ ان کے گھر چلا گیا۔تفصیلی تعارف پر معلوم ہوا کہ عبدالحمید صاحب مکرم عبدالعزیز جمن بخش صاحب جو ربوہ میں ہمارے ساتھ تعلیم حاصل کر کے سورینام کیلئے بطور مرکزی مربی مقرر ہوئے تھے کے بھائی ہیں ۔ان کے گھر پر قیام کے دوران باقی احباب جو مشن سے وابستہ رہ چکے تھے ایک ایک کر کے اکٹھے ہونے شروع ہوئے۔3 ستمبر کو احباب جماعت نے افرام سیخن (Ephramsegen) جو پارا ماریبو کے مضافات میں ہے چلنے کو کہا۔وہاں پہنچنے پر معلوم ہوا کہ جماعت سے کامل وابستگی، محبت اور اخلاص کے پیکر مکرم حسینی بیداللہ (عبداللہ) وہاں پر بیت الذکر تعمیر کر رہے ہیں اور یہ کہ اس بیت الذکر کیلئے پلاٹ بھی انہوں نے اپنی ملکیتی زمین سے خود ہی مشن کو تحفتہً دیا ہے اور جب جماعت بعض ناگزیر وجوہ کی بناء پر فعال نہیں ہو رہی تھی اور بعض افراد اپنے سابقہ گروہوں میں واپس چلے گئے تھے انہوں نے اپنے ساتھ پختہ عہد کیا تھا کہ وہ کسی صورت میں بھی واپس نہیں ہوں گے کیونکہ انہوں نے حق کو دیکھا اور قبول کیا ہے لہٰذا وہ حق پر قائم رہیں گے خواہ کوئی دوسرا ساتھ دے یا نہ دے۔ وہ خود ہی کسی نہ کسی طرح عبادت گاہ تعمیر کریں گے اور وہ پر امید بھی تھے کہ کسی نہ کسی وقت پھر انشاء اللہ جماعت فعال ہوگی۔ہمیں ان سے مل کر اور انہیں ہم سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔ وہیں یہ طے پایا کہ اسی شام مکرم عبدالحمید صاحب کے گھر پر تمام ان احباب کا اجلاس منعقد ہو جو ہر حال میں جماعت کے ساتھ وابستہ رہے ہیں اور وہ اس بات کے خواہشمند بھی ہیں کہ مشن دوبارہ فعال ہو اور تعلیمی اور تربیتی سرگرمیاں پھر سے شروع ہوں۔حسب فیصلہ اور پروگرام اسی روز شام کے وقت اجلاس ہوا اور ہر ایک ممبر نے اپنی بساط کے مطابق اپنی رائے کا اظہار کیا۔

چونکہ یہ معلوماتی اور مطالعاتی دورہ تھا اس لئے چند دن ہی سورینام میں قیام رہا۔ بچھڑے ہوئے احمدی آپس میں مل کر خوش ہوئے تجدید عہد ہوا۔ مشن کے کاموں کو از سر نو جاری کرنے کا عزم کیا گیا۔ زیر تعمیر بیت الذکر کی تعمیر مکمل کرنے کا عزم بھی کیا گیا۔ اس دورے کے دوران غیر مبائعین نے اپنے مرکز میں تقریر کرنے کی دعوت دی۔ان دنوں جماعت احمدیہ کے مخالفین نے ایک اشتہار جس میں بانی سلسلہ احمدیہ کے خلاف بے سروپا الزام تراشی کی گئی تھی شائع کر کے سارے ملک میں پھیلایا ہوا تھا۔ میں نے اپنی اس تقریر میں ان الزامات کی مقدور بھر تردید کی بعد ازاں بعض جماعت سے متعلق تنظیمی امور کی سرانجام دہی کے بعد واپس گی آنا آ گیا۔ اس مرتبہ جماعتی عہدیداروں کا تقرر بوجوہ نہ ہو سکا اور جماعت کی باقاعدہ تنظیم کا کام کسی اور مناسب وقت تک التوا میں رکھنے کا فیصلہ ہوا۔

دوسرا سفر سورینام

اوپر جس دورے کا ذکر ہوا ہے اس کی وجہ سے جماعت کے افراد میں بیداری پیدا ہو چکی تھی۔ چونکہ یہ سفر مطالعاتی تھا اور قیام بھی مختصر تھا تاہم اس کی وجہ سے جماعت بیدار ہو چکی تھی چنانچہ چند ماہ بعد سورینام جماعت کی طرف سے دورہ کرنے کی دعوت موصول ہوئی اور اس خواہش کا بھی اظہار کیا گیا کہ یہ دورہ کم از کم ایک ماہ کے عرصہ پر مشتمل ہونا چاہئے تا زیادہ سے زیادہ کام ہو سکے۔ چنانچہ 15 مئی 1968ء کو خاکسار دوسری مرتبہ سورینام پہنچا۔ جماعت نے افرام سیخن میں قیام کا انتظام کیا۔ اس دورے کے دوران ملک کے مختلف مقامات پر تقاریر ہوئیں۔ ریڈیو پروگراموں میں حصہ لیا مختلف طبقات اور مذاہب کے لوگوں سے ملاقاتیں کر کے پیغام حق ان تک پہنچایا۔سورینام میں انڈونیشیا کے باشندے بھی آباد ہیں ان میں سے بعض کی دعوت پر ان کے مراکز میں بھی گیا اور تعلیمی اور تربیتی امور پر تقاریر ہوئیں اور مذاکرات بھی ہوتے رہے۔ اس دورے کے دوران جماعت احمدیہ سورینام کی باقاعدہ تنظیم عمل میں آئی۔عہدیداروں کا انتخاب ہوا۔

مکرم حسینی بیداللہ صاحب صدر جماعت احمدیہ سورینام اور مکرم واحد علی صاحب سیکرٹری جنرل منتخب ہوئے۔ زیر تعمیر بیت الذکر کو جلد از جلد مکمل کرنے کیلئے فنڈز کے حصول پر غور ہوا۔ ان امور کو طے کرنے کے بعد یکم جولائی 1968ء کو گی آنا واپسی ہوئی۔

تیسرا سفر سورینام

تیسری مرتبہ 10 جولائی 1969ء کو تعلیمی اور تربیتی دورے پر سورینام کا سفر اختیار کیا۔ چونکہ اب جماعت احمدیہ سورینام منظّم اور فعال ہو چکی تھی اس لئے کثرت سے احباب استقبال کیلئے موجود تھے اور 13 جولائی کو افرام سیخن میں سورینام کی جماعتوں کا اجتماع ہوا اور تمام جماعتوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ بیت الذکر کے وسیع و عریض پلاٹ کے احاطہ میں ہی مدرسے کی تعمیر کی بنیاد رکھی گئی۔14 جولائی کو سورینام کے کثیر الاشاعت اخبار De West کے نمائندے نے خاکسار سے انٹرویو لیا۔ یہ انٹرویو 15 جولائی کی اشاعت میں خاکسار کی تصویر کے ساتھ شائع ہوا۔

3۔اگست 1969ء کو سورینام ٹیلی ویژن کے لئے ”میں دین حق کو کیوں مانتا ہوں“ کے موضوع پر انگریزی زبان میں تقریر ریکارڈ کرائی۔ ٹیلی ویژن والوں نے خاص اہتمام کیا ہوا تھا۔ اسی روز شام کو یہ تقریر خصوصی پروگرام کے طور پر ٹیلی کاسٹ ہوئی۔ یہ تیسرا دورہ بھی کم و بیش ایک ماہ تک جاری رہا اور نتائج بھی خوشکن رہے۔

سورینام کی جماعت پھر سے تجدید عہد کر کے فعال ہو گئی اور چند سال بعد باقاعدہ مرکز کی طرف سے مرکزی مربی کا تقرر بھی ہو گیا۔ درحقیقت مشن کے دوبارہ قیام کا آغاز خاکسار کے پہلے دورے یعنی 30۔اگست 1967ء سے ہی ہو گیا تھا۔ بعد کے دورے جماعتی تنظیم وغیرہ کو مضبوط کرنے کا باعث بنے۔

☆......☆......☆

حکیم مبشر احمد خاں صاحب

سفرجل (بہی)۔ دل کے لئے مفید پھل

سفرجل سیب کی شکل کا پھل ہے اس کا درخت خودرو بھی ہے اور کاشت بھی کیا جاتا ہے زمانہ قدیم سے یہ پھل اپنی مفرح خصوصیات اور لذیذ ہونے کی وجہ سے یونانیوں رومیوں عربوں اور منگولوں میں مقبول رہا۔ وینس میں اسے ایک مقدس پھل کی حیثیت حاصل تھی۔ وہاں دلہن کی رخصتی سے قبل اسے کھلایا جاتا تھا جبکہ سپین میں اسے دافع جنون پھل کی حیثیت سے شہرت حاصل تھی طبی انسائیکلو پیڈیا آف ایسٹرن میڈیسن میں اس کی تین اقسام کھٹی میٹھی اور کھٹ میٹھی تحریر ہیں عربوں اور ایرانیوں میں میٹھی اور کھٹ میٹھی اقسام بہت شوق سے کھائی جاتی ہیں۔ اس کو گرمی دور کرنے والا اور مفرح (دل کو راحت دینے والا) سمجھا جاتا ہے اس کی کھٹی قسم کو پکا کر بھی کھایا جاتا ہے۔

پاکستان کے شمالی علاقہ جات میں اس کا درخت ملتا ہے وہاں اس کی کھٹی قسم زیادہ ہے جس کو مقامی لوگ پکا کر بطور سبزی استعمال کرتے ہیں۔ یہ ایک مفید پھل ہے اس لئے تمام طبی کتب میں اس کا شربت مربہ اور جوارش وغیرہ بنانے کے طریقے درج ہیں۔ ہندوستان میں اس کے تخم بطور دوا زیادہ استعمال ہوتے ہیں۔ اور کچھ مربہ استعمال ہوتا ہے یورپ میں اس کی کھٹی قسم اور ایران میں میٹھی اور کھٹ میٹھی اقسام زیادہ کاشت ہوتی ہے۔

حضرت طلحہؓ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔

کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ اس وقت اپنے اصحاب کی مجلس میں تھے ان کے ہاتھ میں سفرجل تھا جس سے آپ کھیل رہے تھے جب میں بیٹھ گیا تو انہوں نے اسے میری طرف کر کے فرمایا یہ دل کو طاقت دیتا ہے اور سانس کو خوشبودار بناتا ہے اور سینہ سے بوجھ کو اتار دیتا ہے۔

(ابن ماجہ۔نسائی)

حضرت جابرؓ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

سفرجل کھاؤ کیونکہ یہ دل کے دورے کو ٹھیک کر کے سینہ سے بوجھ اتار دیتا ہے۔

سفرجل کھلانے سے اولاد نرینہ کے چانس زیادہ ہو سکتے ہیں کیونکہ یہ ایک سرد خشک مزاج کا پھل ہے اس لئے ایسی کوئی بھی غذا یا دوا جو کہ بالفعل جسم کے اندر سردی خشکی کو بڑھائے حاملہ کو اپنے سے لڑکا پیدا ہونے کے مواقع زیادہ ہو جاتے ہیں حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا نسخہ اولاد نرینہ بھی یہی مزاج رکھتا ہے۔

بعض لوگ بیل یا بیلگری اور بہی کو ایک ہی چیز سمجھتے ہیں حالانکہ یہ دو الگ الگ درخت ہیں بہی کا تعلق Rosaceae Family سے ہے اور جبکہ بیل یا بیلگری کا تعلق Rutaceae Family سے ہے بیلگری کو عربی زبان میں سفرجل ہندی کہتے ہیں جبکہ بہی کو صرف سفرجل کہتے ہیں۔

اس کا درخت دیکھنے میں ناشپاتی کی مانند نظر آتا ہے اس کا پھل بالکل سیب ہی کی مانند نظر آتا ہے۔ دراصل بہی بھی سیب اور ناشپاتی ہی کی جنس سے تعلق رکھنے والا پودا ہے اس لئے اس کے پھل پھول اور پتے آپس میں ملتے جلتے ہیں پہاڑی علاقوں میں موسم گرما کے آغاز میں اس کو پھول آتے ہیں اور موسم سرما کے آغاز میں اس کے پھل پک جاتے ہیں اس کے پھل اور پھول میں خوشبو پائی جاتی ہے۔

یہ افغانستان ایران سندھ بلوچستان اور پنجاب میں بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ شمال مغربی ہمالیہ ہزارہ کوہستان شمالی علاقہ جات میں اس کے درخت کاشت کئے جاتے ہیں۔ سکم بھوٹان براعظم ایشیا اور یورپ کے معتدل آب و ہوا والے علاقوں میں بھی اس کی کاشت ہوتی ہے یونان میں اس کے خود رو درخت بھی ہوتے ہیں۔

کیمیائی تجزیہ

اس کے بیجوں میں 15% تیل پایا جاتا ہے اور 3.55% راکھ پائی جاتی ہے۔ جس میں پوٹاش 27.09% سوڈا 3.01% میگنیشیا 13.01% چونا 7.69% فاسفورک ایسڈ 42.02% سلفیورک ایسڈ 2.27% سلیکا 0.75% نمک 2.57% پائے جاتے ہیں۔

خواص

کھٹ میٹھا بہی سرد خشک مزاج رکھتا ہے جو کہ دل کو طاقت دینے کے لئے بہت فائدہ مند ہے اس سے خون صاف اور بکثرت پیدا ہوتا ہے اس کو بھون کر کھانے سے معدہ کو طاقت ملتی ہے ہاضمہ قوی ہوتا ہے اور بھوک پیدا ہوتی ہے۔ اگر عورتوں کو مٹی کھانے کی عادت ہو تو بہی اسے چھڑا دیتا ہے۔

معدے میں رطوبت کی وجہ سے اگر ضعف آجائے تو وہ جاتا رہتا ہے اس کو زیادہ نہیں کھانا چاہئے کیونکہ اس سے پٹھوں میں درد قولنج اور پیٹ میں مروڑ پیدا ہو سکتا ہے اس لئے مناسب ہے کہ اس کو چبا کر چوس لیا جائے اور گودا پھینک دیں اس کا رس شہد ملا کر پینا زیادہ بہتر ہے اس کو بھون کر کھانے سے پرانے دست بند ہو جاتے ہیں اور آنتوں کے زخم بھر جاتے ہیں۔ حاملہ کو اس کا رس پلاتے رہیں تو یہ حمل کی حفاظت کرتا ہے۔ اور بچہ صحت مند پیدا ہوتا ہے۔ اس کے پھول گرمی کے سردرد کو دور کرتے ہیں ان کو سونگھنے سے دل کو طاقت ملتی ہے۔ اگر اس کے گوند کو گھول کر چیونٹیوں کے سوراخ اور پسوؤں کی جگہ پر چھڑک دیں تو وہ مر جاتے ہیں۔ بہی کا مربہ کھلانے سے جگر اور دل کی کمزوری رفع ہو جاتی ہے اور بار بار دست کرنے کی حاجت ختم ہو جاتی ہے بہی گلے میں خراش کرتا ہے۔ اس لئے اس سے کھانسی پیدا ہو جاتی ہے بہی کے بیج جس کو بیدانہ کہتے ہیں اس کا لعاب حلق کی خشونت دور کرتا ہے۔ گرمی کی خشک کھانسی کو نافع ہے پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔ آنتوں کی خراش اور امراض صفراوی میں مفید ہے اگر جسم پر جلن ہو یا آگ سے جل جائے تو اس کا لعاب لگانے سے تسکین ملتی ہے۔ اور مقوی معدہ ہے۔ یہ سرد خشک تاثیر کا حامل پھل ہے اس لئے دل کی جھلیوں میں جمع شدہ پانی کو نچوڑ کر نکالتا ہے۔

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

ہائی بلڈ پریشر اور فالج سے بچاؤ کے طریق

آج کل فالج کا مرض عام ہو گیا ہے۔ فالج کا ایک عام اور سب سے بڑا سبب بلند فشار خون یعنی ہائی بلڈ پریشر ہے۔ اس کے علاوہ ذیابیطس کے مریضوں میں بھی فالج ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ جہاں تک ہائی بلڈ پریشر کا تعلق ہے اس کا فالج کے ساتھ تعلق ایک آدمی کے لئے سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔ دراصل اس کی وجہ یہ ہے کہ بلڈ پریشر اتنا عام ہے کہ ہمیں اردگرد ہر چوتھا یا پانچواں شخص اس میں مبتلا نظر آتا ہے۔ بلکہ بعض لوگ تو اسے زیادہ اہمیت نہیں دیتے۔ اور اس کو بیماری بھی نہیں سمجھتے۔ یہ بات بھی قابل تشویش ہے کہ ستر فیصد لوگ جو اس کا شکار ہیں۔ انہیں یہ علم ہی نہیں ہے کہ وہ ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہیں۔ ہوسکتا ہے آپ بھی ان میں سے ایک ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ ہیپا ٹائیٹس بی اور سی کے علاوہ ہائی بلڈ پریشر کو بھی ''خاموش قاتل'' سمجھا جاتا ہے۔ متعدد افراد جو اس وجہ سے ہلاک ہوئے ہیں۔ یا اس کا شکار رہتے ہیں۔ لیکن انہیں اس کی موجودگی کا اس وقت تک احساس نہیں ہوتا۔ جب تک کوئی پیچیدگی پیدا نہ ہو جائے۔

یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو چکی ہے کہ وہ افراد جو ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہیں۔ اور اس کا کوئی علاج نہیں کررہے۔ انہیں فالج، دل کے دورے، گردن اور آنکھوں کی بیماریوں کے خطرات عام لوگوں سے کہیں زیادہ ہوتے ہیں۔ اور ان بیماریوں کے نتیجے میں متوقع عمر کم ہو سکتی ہے۔ کوئی بھی فرد جس کی عمر چالیس سال سے زیادہ ہے۔ اور ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہے تو اسے نارمل بلڈ پریشر والے شخص کے مقابلے میں فالج ہونے کا خطرہ تیس فیصد زیادہ ہے۔ یاد رہے کہ فالج کے اسباب میں ہائی بلڈ پریشر سب سے اہم ہے۔

ہائی بلڈ پریشر کو دواؤں کے ذریعے کنٹرول کرنے سے فالج کے امکان میں نمایاں کمی ہو جاتی ہے۔ لیکن وہ ہائی بلڈ پریشر جس کا علاج نہ کیا جائے۔ دل کو شدید نقصان پہنچا سکتا ہے۔ یہ نہ صرف دل کے دورے کے چند اہم اسباب میں سے ایک ہے۔ بلکہ اس کے نتیجے میں حرکت قلب بند ہونے سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔ طویل عرصے تک رہنے والے ہائی بلڈ پریشر سے گردوں کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔ اور وہ کام کرنا چھوڑ سکتے ہیں۔ مستقل ہائی بلڈ پریشر سے آنکھوں کو بھی شدید نقصان پہنچ سکتا ہے بلڈ پریشر کو علاج اور غذا کے ذریعے موثر کنٹرول کیا جائے۔ تو مندرجہ بالا بیماریوں اور ان سے ممکنہ نقصانات کا خطرہ نمایاں طور پر کم ہو جاتا ہے۔

ہائی بلڈ پریشر انتہائی آسانی سے محفوظ اور کم سے کم خرچ سے کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ موثر کنٹرول کے ذریعے نہ صرف یہ کہ آپ ایک نارمل، صحت مند اور سرگرم زندگی گزار سکتے ہیں۔ بلکہ آپ اپنے لئے عمر کے درمیانی اور آخری حصے میں بعض عام لیکن خطرناک بیماریوں کے خطرات کم کر سکتے ہیں۔ ہائی بلڈ پریشر کے خلاف جہاد میں اپنی مدد خود کیجئے۔

احباب جماعت کو چاہئے کہ وہ گھر میں بلڈ پریشر کا آلہ خرید کر رکھیں اور کسی ڈاکٹر سے بلڈ پریشر چیک کرنا سیکھ لیں اور وقتاً فوقتاً گھر کے عمر رسیدہ اور دوسرے افراد کا بلڈ پریشر چیک کرتے رہیں۔ اور اگر گھر میں کوئی بلڈ پریشر کا مریض ہو تو پھر روزانہ اس کا بلڈ پریشر چیک کریں اور ڈاکٹری مشورے سے ادویات کا باقاعدہ استعمال کریں۔ گھر میں بلڈ پریشر کے آلے کی موجودگی اس لئے بھی ضروری ہے کہ بار بار ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت نہیں رہے گی اور ڈاکٹر صاحب کو بتایا جا سکتا ہے کہ گزشتہ دس پندرہ روز میں بلڈ پریشر کی کیا کیفیت رہی۔ بلڈ پریشر کے مریضوں کو چکنائی کا کم استعمال کرنا چاہئے اور روزانہ سیر اور عمر کے مطابق ہلکی پھلکی ورزش کو معمول بنانا چاہئے اللہ تعالیٰ ہم سب کو لمبی صحت والی زندگی عطا کرے۔ آمین

OPEC (اوپیک)

آرگنائزیشن آف دی پٹرولیم ایکسپورٹنگ کنٹریز

Organization of the Petrolium Exporting Countries

قیام: 1960ء

ارکان: 11 تیل پیدا کرنے والے ممالک۔ الجیریا، انڈونیشیا، ایران، عراق، کویت، لیبیا، نائیجیریا، قطر، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، وینزویلا

مقاصد: تیل کی قیمت مناسب اور مستحکم رکھنے اور تیل کے بارے میں حکمت عملی میں باہمی تعاون کو فروغ دینا۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 63547 میں میاں عبدالمالک

ولد میاں سعد محمود قوم جاٹ پیشہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ عمر 69 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن گلشن راوی لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 12-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ متفرق سامان دفتر مالیتی -/100000 روپے۔ 2۔ کار مالیتی -/650000 روپے۔ 3۔ بینک بیلنس مالیتی -/50000 روپے۔ 4۔ سامان گھریلو مالیتی -/500000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100000 روپے ماہوار بصورت آمدن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد میاں عبدالمالک گواہ شد نمبر 1 عبدالشکور ولد عبدالمجید گواہ شد نمبر 2 ممتاز احمد گھمن ولد ثناء اللہ گھمن

مسل نمبر 63548 میں محمد عاشق بھٹی

ولد محمد شریف بھٹی قوم بھٹی پیشہ معمار عمر 52 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مناواں ضلع لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ دس مرلہ رہائشی مکان مالیتی اندازاً -/1400000 روپے۔ 2۔ موبائیل فون سیٹ مالیتی اندازاً -/6000 روپے۔ 3۔ پلاٹ اڑھائی مرلہ مالیتی -/250000 روپے۔ 4۔ موٹر سائیکل مالیتی -/30000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد عاشق بھٹی گواہ شد نمبر 1 محمود احمد بھٹی ولد محمد عاشق بھٹی گواہ شد نمبر 2 مسعود احمد بھٹی ولد محمد عاشق بھٹی

مسل نمبر 63549 میں محمد شفیق طاہر

ولد محمد شریف بھٹی قوم بھٹی پیشہ معمار عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مناواں ضلع لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1 مکان برقبہ ساڑھے چار مرلہ مالیتی اندازاً -/265000 روپے۔ 2۔ موٹر سائیکل مالیتی اندازاً -/35000 روپے۔ 3۔ موبائیل سیٹ مالیتی اندازاً -/5000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10000 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد شفیق طاہر گواہ شد نمبر 1 محمود احمد بھٹی ولد محمد عاشق بھٹی گواہ شد نمبر 2 محمد زاہد سہارن ولد صوفی محمد اسحاق تبسم

مسل نمبر 63550 میں محمود احمد بھٹی

ولد محمد عاشق بھٹی قوم بھٹی پیشہ معمار عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مناواں ضلع لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ موبائل فون سیٹ اندازاً مالیتی -/5000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/7000 روپے ماہوار بصورت مزدری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمود احمد بھٹی گواہ شد نمبر 1 محمد آصف بھٹی ولد محمد عاشق بھٹی گواہ شد نمبر 2 مسعود احمد بھٹی ولد محمد عاشق بھٹی

مسل نمبر 63551 میں محمد زاہد

ولد صوفی محمد اسحاق تبسم قوم سہارن پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن مناواں ضلع لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد زاہد گواہ شد نمبر 1 مسعود احمد بھٹی گواہ شد نمبر 2 محمد آصف بھٹی

مسل نمبر 63552 میں محمد ساجد مبشر

ولد محمد عاشق مرحوم قوم ڈوگر پیشہ کاروبار عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چوہان پارک لاہور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد ساجد مبشر گواہ شد نمبر 1 مشتاق احمد ولد سلطان احمد گواہ شد نمبر 2 میاں منیر احمد ولد میاں سعید احمد مرحوم

مسل نمبر 63553 میں ماجدہ شہزاد

